479

آیات نمبر 16 تا 35 میں تلقین کہ انسان کے تمام اعمال کی تفصیل لکھی جا رہی ہے۔ قیامت کے دن منکرین کے انجام کا ایک منظر۔ اس دن اہل ایمان ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جنت کے باغوں میں داخل ہو جائیں گے

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۖۚ وَنَحْنُ اَقْرَبُ
اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿۱۶﴾ حقیقت یہ ہے کہ ہم ہی نے انسان کو پیدا کیا ہے اور
ہم اس کے دل میں ابھرنے والے وسوسوں تک کو جانتے ہیں، اور ہم تو اس کی شہ
رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ
الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾ جب دائیں اور بائیں طرف بیٹھے ہوئے دو فرشتے سب کچھ ضبط
تحریر میں لیتے رہتے ہیں مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾ اس کی
زبان سے کوئی لفظ نکلنے سے پہلے اس کے پاس ایک نگہبان لکھنے کے لئے تیار رہتا ہے
فرشتوں کا اعمال کے متعلق لکھنا محض اتمام حجت کے طور سے ہے ورنہ اللہ تو دل میں ابھرنے
والے وسوسوں تک کو جانتا ہے وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ
مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾ موت کی سختی اپنی شقاوت اور سعادت کے ساتھ آ پہنچی، یہی تو وہ چیز
تھی جس سے تو بچتا پھرتا تھا انسان کی موت ہی اس کے لئے قیامت ہے کیونکہ موت کے بعد
قیامت تک وہ کوئی اور عمل نہ کر سکے گا وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿۲۰﴾
اور صور پھونکا جائے گا، یہی ہمارے وعدہ عذاب کا دن ہے وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ
مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿۲۱﴾ اور ہر شخص اس طرح آئے گا کہ اس کے ساتھ ایک

فرشتہ اسے میدان حشر میں لانے والا ہو گا اور ایک فرشتہ اس کے ساتھ گواہ ہو گا
لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ
حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾ ارشاد ہو گا کہ تو عمر بھر آج کے دن کے بارے میں غفلت میں پڑا رہا،
اب ہم نے تیرا پردہ ہٹا دیا ہے سو آج تیری نگاہ بہت تیز ہے وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا
مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿٢٣﴾ اور اس کے ساتھ متعین فرشتہ کہے گا کہ اس کا اعمال نامہ حاضر
ہے اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٢٤﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ﴿٢٥﴾
فرشتوں کو حکم ہو گا کہ ہر سرکش و ناشکر گزار اور نیکی سے روکنے والے، حد سے تجاوز
کرنے والے اور دین میں شکوک پیدا کرنے والے کافر کو جہنم میں ڈال دو الَّذِيْ
جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿٢٦﴾ اور ایسے لوگ
جنہوں نے اللہ کے علاوہ کوئی دوسرے معبود بھی بنا رکھے تھے، ان سب کو سخت
عذاب میں پھینک دو قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ
بَعِيْدٍ ﴿٢٧﴾ تب اس کا ساتھی شیطان کہے گا کہ اے ہمارے رب! اسے سرکش میں
نے نہیں بنایا بلکہ یہ خود ہی انتہا درجہ کی گمراہی میں مبتلا تھا قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ
وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ﴿٢٨﴾ ارشاد ہو گا کہ میرے روبرو مت جھگڑو، میں
تو تمہیں پہلے ہی اس برے انجام سے آگاہ کر چکا تھا مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ
اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿٢٩﴾ میرا حکم تبدیل نہیں ہو سکتا اور نہ ہی میں اپنے بندوں پر
ظلم کرتا ہوں رکوع [۲] يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ

مَّزِيۡدٍ۝۳۰ اس دن ہم جہنم سے پوچھیں گے کہ کیا تو بھر گئی؟ وہ جواب دے گی کہ کیا
کچھ اور بھی باقی ہے؟ وَ اُزۡلِفَتِ الۡجَنَّةُ لِلۡمُتَّقِيۡنَ غَيۡرَ بَعِيۡدٍ۝۳۱ اور اس دن
جنت پرہیزگاروں کے اتنے نزدیک کر دی جائے گی کہ ان میں کوئی فاصلہ نہ رہے گا
هٰذَا مَا تُوۡعَدُوۡنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيۡظٍ۝۳۲ ارشاد ہو گا کہ یہی وہ جنت ہے جس کا
تم سے وعدہ کیا جاتا تھا کہ یہ ہر اس شخص کے لئے ہو گی جو اللہ کی طرف رجوع کرنے
والا اور حقوق الٰہی کی حفاظت کرنے والا تھا مَنۡ خَشِىَ الرَّحۡمٰنَ بِالۡغَيۡبِ وَ
جَآءَ بِقَلۡبٍ مُّنِيۡبِ۝۳۳ جس نے رحمٰن کو دیکھا نہیں تھا لیکن اس کے باوجود اس
سے ڈرتا رہا اور ایسا دل لے کر حاضر ہوا جو یاد الٰہی کی طرف متوجہ تھا اِۨدۡخُلُوۡهَا
بِسَلٰمٍ‌ ؕ ذٰلِكَ يَوۡمُ الۡخُلُوۡدِ۝۳۴ ان سے کہا جائے گا کہ اس جنت میں سلامتی کے
ساتھ داخل ہو جاؤ، آج کا دن ابدی زندگی ملنے کا دن ہے لَهُمۡ مَّا يَشَآءُوۡنَ فِيۡهَا
وَلَدَيۡنَا مَزِيۡدٌ۝۳۵ وہاں ان کے لئے وہ سب کچھ ہو گا جس کی وہ خواہش کریں گے،
اور ہمارے پاس تو اُن کے لئے اس سے بھی زیادہ ہے

[# 479]

In verses 16 to 35 there is a reminder that every deed of a human being is being carefully recorded. A vivid scene describing the fate of the disbelievers on the Day of Judgment. On that Day, the believers will be admitted into the everlasting gardens of Paradise to dwell therein forever.

وَ لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ وَ نَعۡلَمُ مَا تُوَسۡوِسُ بِهٖ نَفۡسُهٗ ۚۖ وَ
نَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَیۡهِ مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِیۡدِ ﴿۱۶﴾

Indeed, [it is] We [who] created man, and We [fully] know whatever whispers within his [very] soul, and We are closer to [each] one than [even] jugular vein.

اِذۡ يَتَلَقَّى الۡمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الۡيَمِيۡنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيۡدٌ ﴿۱۷﴾

As the two receivers [recording angels] one sitting on the right and the other on the left are recording [everything].

مَا يَلۡفِظُ مِنۡ قَوۡلٍ اِلَّا لَدَيۡهِ رَقِيۡبٌ عَتِيۡدٌ ﴿۱۸﴾

Not a single word is uttered [by anyone], but there is a [vigilant] observer ready [to record it].

وَجَآءَتۡ سَكۡرَةُ الۡمَوۡتِ بِالۡحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنۡتَ مِنۡهُ تَحِيۡدُ ﴿۱۹﴾

And [ultimately] with the throes of death will come the truth [the resurrection, judgment, paradise and Hell]. This is what you were trying to escape.

وَ نُفِخَ فِی الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿۲۰﴾

And the trumpet shall be blown. That is the Day you were promised [for resurrection and judgement].

وَ جَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّ شَهِيْدٌ ﴿۲۱﴾

And every person will come forth with an angel to drive him [to the Plain of assembly] and another angel to bear witness with him.

لَقَدْ كُنْتَ فِیْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿۲۲﴾

[To the disbeliever] It will be said: 'You were heedless of this [day all your life]; now We have removed this veil of yours, so this day your sight is sharp.'

وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿۲۳﴾

And his [appointed] companion [angel] will say, 'Here is the record [of his deeds] ready with me.'

اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ﴿۲۵﴾

It will be said to the angels: 'Cast into [the Fire of] Hell every stubborn disbeliever, Preventor of good, transgressor, and one who causes doubts in the religion.'

الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿۲۶﴾

And [those] who set up another deity besides Allah, [O Angels!] cast him in the severe punishment.

قَالَ قَرِيۡنُهٗ رَبَّنَا مَاۤ اَطۡغَيۡتُهٗ وَلٰكِنۡ كَانَ فِىۡ ضَلٰلٍۢ بَعِيۡدٍ ﴿۲۷﴾

Then his [evil] companion will say, 'Our Lord, I did not make him transgress, but he [himself] was [lost] in uttermost misguidance.

قَالَ لَا تَخۡتَصِمُوۡا لَدَىَّ وَقَدۡ قَدَّمۡتُ اِلَيۡكُمۡ بِالۡوَعِيۡدِ ﴿۲۸﴾

[Allah] will say, 'Do not dispute [with each other] before Me. I had already warned you of this [evil end].'

مَا يُبَدَّلُ الۡقَوۡلُ لَدَىَّ وَمَاۤ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِيۡدِ ﴿۲۹﴾ ع

رکوع [۲]

My Words cannot be changed, and I am never unjust to [My] servants.

يَوۡمَ نَقُوۡلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امۡتَلَاۡتِ وَتَقُوۡلُ هَلۡ مِنۡ مَّزِيۡدٍ ﴿۳۰﴾

On that Day We will ask [the Fire of] Hell, 'Are you filled?' and it will say, 'Are there anymore?'

أُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿٣١﴾

[And on that Day], Paradise will be brought near to the righteous, with no distance between them.

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿٣٢﴾

It will be said, 'This is [the Paradise] which you [believers] were promised—for everyone who used to turn [to Allah] and safeguard His commands.'

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ﴿٣٣﴾

[The one] Who feared [Allah] the Most Merciful without having seen [Him], and who came [to his Lord] with a heart that turned [in repentance].

ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۝٣٤

[It will be said to them]: 'Enter this [Paradise], in peace. This is the Day of eternal life!'

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ۝٣٥

For them, therein will be whatever they desire, and with Us is even more than that.